URDU

# نئے نام کی ضرورت کیوں ہے




گزشتہ 15 برسوں کی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ PCOS کی اصطلاح درست نہیں، یہ غلط فہمی پیدا کر سکتی ہے اور اس کے منفی اثرات ہو سکتے ہیں، اس لیے اس میں تبدیلی نہ صرف ضروری تھی بلکہ مریضوں اور طبی ماہرین کی جانب سے اس کی حمایت بھی کی گئی۔


اسی بنیاد پر حال ہی میں عالمی سطح پر منظور شدہ تبدیلی عمل میں لائی گئی جس کے تحت اسے 'پولی اینڈوکرائن میٹابولک اوویرین سنڈروم' (PMOS) کا نام دیا گیا ہے۔

## سائنسی طور پر درست نہیں



اس کیفیت میں بیضہ دانی (ovary) پر غیر معمولی سسٹس (cysts) کی تعداد میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا، بلکہ صرف جزوی طور پر نشوونما پانے والے انڈے ہوتے ہیں جو دیکھنے میں سسٹس جیسے لگ سکتے ہیں۔

## گمراہ کن اور محدود مفہوم



یہ کیفیت جسم کے کئی مختلف حصوں کو متاثر کرتی ہے — جیسے ہارمونز، میٹابولزم، ذہنی صحت، جلد اور تولیدی نظام - لیکن PCOS کی اصطلاح میں صرف بیضہ دانی (ovary) کا ذکر کیا گیا اور دیگر پہلوؤں کو نظر انداز کر دیا گیا۔

## PCOSکا نام منفی اثرات کا باعث بنا۔



یہ نام چونکہ گمراہ کن اور محدود مفہوم رکھتا تھا، اس لیے بہت سی خواتین کی تشخیص یا تو نہیں ہو سکی یا دیر سے ہوئی، اور انہیں اپنی ضرورت کے مطابق نگہداشت حاصل کرنے کے لیے طویل انتظار کرنا پڑا

## PCOS کے نام نے تحقیق کو محدود کیا۔



PCOS کا نام اس کیفیت کی اصل نوعیت کو واضح طور پر بیان نہیں کرتا، جس کی وجہ سے محققین کے لیے فنڈنگ حاصل کرنا مشکل ہو گیا تھا۔ نیا نام پالیسی سازوں اور حکومتوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے گا کہ فنڈنگ کی ضرورت کیوں ہے۔

## تبدیلی کے لیے عالمی اتفاقِ رائے



سرکاری اداروں، بین الاقوامی ماہرین، طبی پیشہ ور افراد اور سب سے بڑھ کر مریضوں کے گروپس کی جانب سے طویل عرصے سے ایک نئے نام کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔

مریضوں، طبی پیشہ ور افراد اور ان کی تنظیموں کے درمیان وسیع ترین عالمی رابطے اور مشاورت کے نتیجے میں نام کی تبدیلی کا مینڈیٹ (اختیار) حاصل ہوا۔ اس کے بعد ایک ٹھوس عمل کے ذریعے نیا نام وضع کیا گیا۔

## ہمیں ایسے نام کی ضرورت ہے جو مستقبل کے لیے موزوں ہو۔

نیا نام 'پولی اینڈوکرائن میٹابولک اوویرین سنڈروم'

Polyendocrine Metabolic Ovarian)

(Syndrome اور اس سے منسلک عالمی آگاہی پروگرام خواتین میں اس عام طبی کیفیت کی جلد تشخیص، دیکھ بھال اور صحت کے نتائج میں بہتری، نیز تحقیق اور اس مرض کی بہتر تفہیم میں مددگار ثابت ہوں گے۔




### کیا آپ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

AskPCOS ایپ اب AskPMOS ایپ میں تبدیل ہو رہی ہے اور یہ جدید ترین شواہد پر مبنی جامع، اعلیٰ معیار کی معلومات اور معاون ٹولز فراہم کرتی ہے

Ask PMOS — Ask PCOS

www.askpcos.org/www.askpmos.org

© Monash University

MCHRI Monash Centre for Health Research and Implementation — CREWHIRL Centre for Research Excellence in Women's Health in Reproductive Life — MONASH University